لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۬ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ

الجزء ۴

ہرگز نہ پاؤ گے نیکی کو یہاں تک کہ خرچ کرو اس سے جس کو پسند کرتے ہو۔۔ اور جو خرچ کرو تم

شَیْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِیْمٌ ﴿۹۲﴾ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِیْۤ

کچھ، تو بیشک اللہ اس کا جاننے والا ہے● سب کھانے کی چیزیں حلال تھیں بنی

اِسْرَآءِیْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِیْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ

اسرائیل کیلئے، مگر وہ جس کو حرام کرلیا تھا خود یعقوب نے اپنے اوپر، قبل اس کے کہ

تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَاۤ اِنْ كُنْتُمْ

اتاری جائے توریت۔ کہہ دو کہ لاؤ توریت، پھر اس کو پڑھو، اگر

صٰدِقِیْنَ ﴿۹۳﴾ فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

سچے ہو● تو جس نے جھوٹ افترا کیا اللہ پر اس کے بعد،

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹۴﴾ قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۟ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ

تو وہی ظالم لوگ ہیں●۔۔۔ کہہ دو کہ سچ فرمایا اللہ نے۔۔۔ تو پیروی کرو دین

آدم علیہ السلام

اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۹۵﴾ اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ

ابراہیم کی، حق پرست باطل شکن کی، اور وہ مشرک نہ تھے● بے شک سب سے پہلا گھر جو بنایا گیا

وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِیْنَ ۚ﴿۹۶﴾ فِیْهِ

لوگوں کو عبادت کرنے کیلئے، ضرور وہ ہے جو مکہ میں ہے، برکتوں سے بھرا اور دنیا بھر کیلئے مرکز ہدایت● اس میں

اٰیٰتٌۢ بَیِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِیْمَ ۚ۬ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ وَلِلّٰهِ

روشن نشانیاں ہیں مقام ابراہیم۔۔ اور جو اس میں داخل ہوا امان میں ہو گیا۔ اور اللہ کی پرستش کیلئے

عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَیْهِ سَبِیْلًا ؕ وَمَنْ

لوگوں پر اس بیت اللہ کا حج کرنا ہے، جو سکت رکھے اس تک راہ پانے کی۔ اور جس

كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۹۷﴾ قُلْ یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ

نے انکار کیا، تو اللہ بے پرواہ ہے دنیا بھر سے● کہہ دو کہ اے اہل کتاب کیوں

تَكْفُرُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ ۖۗ وَاللّٰهُ شَهِیْدٌ عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۸﴾ قُلْ

انکار کرتے ہو اللہ کی آیتوں کا، حالانکہ اللہ شاہد جو تم کر رہے ہو● کہو کہ

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ

اے اہل کتاب کیوں روکتے ہو اللہ کی راہ سے اس کو جو ایمان لا چکا،

تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَآءُ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۹﴾

تم راہِ خدا کو ٹیڑھا کرنا چاہتے ہو، حالانکہ تم خود گواہ ہو۔ اور نہیں ہے اللہ بے خبر تمہارے کرتوتوں سے ●

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

اے ایمان والو! اگر کہنے پر چلے تم کسی کے، جن کو

الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ

کتاب دی گئی ہے، تو پھر کر دینگے تم کو تمہارے ایمان لانے کے بعد کافر ● اور تم کیسے کفر کرو گے

وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ؕ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ

حالانکہ تم ہو کہ تلاوت کی جاتی ہیں تم پر اللہ کی آیتیں، اور تم میں اللہ کا رسول ہے۔ اور جو مضبوط پکڑے

بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ع ۱۱

اللہ کو، تو بے شک اس کو سیدھی راہ کی ہدایت دی گئی ● اے ایمان والو!

اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾

اللہ کو ڈرو، جو اس سے ڈرنے کا حق ہے، اور مت مرو مگر اس حال میں کہ تم لوگ مسلمان ہو ●

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا ۠ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ

اور مضبوط پکڑ لو اللہ کی رسی سب کے سب، اور الگ الگ نہ ہو۔ اور یاد کرو اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو

اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ

جب کہ تم باہم دشمن تھے، تو الفت پیدا کی تمہارے دلوں میں، تو ہو گئے تم

بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ

اللہ کے فضل سے بھائی بھائی۔ اور تھے تم کنارے پر ایک غار جہنم کے، تو نکالا تم کو

مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَلْتَكُنْ

اس سے۔ اسی طرح بیان فرماتا ہے اللہ تمہارے لئے اپنی آیتیں، کہ اب تو ہدایت پا جاؤ ● اور تمہاری

مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ

ایک جماعت ایسی ہونی چاہئے، جو بلائیں بھلائی کی طرف اور حکم دیں نیکی کا، اور

يَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا

روکیں برائی سے۔ اور وہی کامیاب لوگ ہیں● اور مت ہو

كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ

ان کی طرح جو الگ الگ ہو گئے اور جھگڑ پڑے، بعد اس کے کہ آ چکی تھیں ان کے پاس کھلی نشانیاں۔

وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۙ﴿۱۰۵﴾ يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ

اور وہی ہیں جنکے لئے بڑا عذاب ہے● جس دن کہ گورے ہونگے کچھ چہرے، اور کالے ہونگے

وُجُوْهٌ ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ ۫ اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ

کچھ منہ۔ تو جن کے منہ کالے ہیں۔۔۔۔ کیا تم نے کفر کیا تھا

اِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ

ایمان لانے کے بعد؟ تو چکھو عذاب، بدلہ اس کا جو کفر کرتے تھے● اور وہ جن کے

ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۷﴾

چہرے گورے ہو گئے، وہ اللہ کی رحمت میں ہیں۔ وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں●

تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا

یہ اللہ کی آیتیں ہیں، کہ ہم جس کو پڑھتے ہیں تم پر بالکل ٹھیک۔ اور اللہ نہیں چاہتا ظلم

لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ

اہل دنیا پر● اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے۔ اور اللہ ہی کی طرف

تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۱۰۹﴾ ع كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ ع ۱۱ ۱۲

رجوع کرائے جاتے ہیں سارے کام● تم ان ساری امتوں میں بہتر ہو جو لوگوں کیلئے ظاہر ہوئیں، کہ بھلائی کا

بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ وَلَوْ اٰمَنَ

تو تم حکم دو اور برائی سے روکو، اور اللہ پر یقین رکھو۔ اور اگر ایمان لے آتے

اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَكْثَرُهُمُ

اہل کتاب، تو ضرور انکے لئے بہتر تھا۔ ان میں کچھ ایمان لانے والے ہوئے اور ان کے زیادہ لوگ

الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّآ اَذًى ؕ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ

سب نافرمان ہیں● یہ لوگ تم لوگوں کا کوئی نقصان نہ کر سکیں گے، مگر بس ستانا، اور اگر لڑیں تم سے تو پھیر لینگے تم سے

الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا

پیٹھ۔۔۔۔ پھر کوئی مدد نہ دیئے جائیں گے ● سوار کر دی گئی ان پر ذلت غلامی، جہاں بھی

ثُقِفُوْٓا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ

رہیں، مگر یہ کہ تھام لیں رسی اللہ کی، اور لوگوں کی رسی، اور لوٹ گئے وہ اللہ کے غضب میں،

مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا

اور چھاپ دی گئی ان پر بے مسکنی۔ یہ اس لئے کہ وہ انکار کرتے تھے

يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا

اللہ کی آیتوں کا، اور شہید کرتے تھے پیغمبروں کو ناحق۔ یہ سزا ہے اسکی جو نافرمانی کی اور

عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ لَيْسُوْا سَوَآءً ؕ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ

سرکشی کرتے تھے ● سب برابر نہیں ہیں، کہ اہل کتاب ہی میں ایک وہ کمر بستہ جماعت ہے،

قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ يُؤْمِنُوْنَ

جو تلاوت کریں اللہ کی آیتوں کی رات کی گھڑیوں میں، اور وہ سجدہ کریں ● مانیں

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ

اللہ کو اور پچھلے دن کو، اور حکم دیں نیکی کا اور روکیں

الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

برائی سے، اور تیزی کریں نیک کاموں میں۔ اور وہی لوگ نیکوکار ہیں ●

وَمَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾

یہ لوگ جو بھلائی کریں، تو ہرگز اس سے محروم نہ کئے جائیں گے، اور اللہ پرہیزگاروں کو جاننے والا ہے ●

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِىَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ

بے شک جنھوں نے کفر کیا، تو نہ بے پرواہ کرے گا ان کو ان کا مال، اور نہ ان کی اولاد،

مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱۶﴾

اللہ سے کچھ بھی۔ اور وہی جہنم والے ہیں۔ وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں ●

مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ فِىْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْهَا

مثال اس کی جو خرچ کریں دنیاوی زندگی کے بارے میں، جیسے ہوا، جس میں

صِرٌّ اَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَاَهْلَكَتْهُ ۭ وَمَا ظَلَمَهُمُ

پالا ہے، وہ پہنچی ایک قوم کی کھیتی پر جنہوں نے خود اپنا بگاڑ رکھا تھا، تو اسکی کھیتی کو تباہ کر دیا اس ہوا نے، اور ان پر اللہ

اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝۱۱۷ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا

نے ظلم نہیں فرمایا لیکن وہ خود اپنے اوپر ظالم ہیں ● اے ایمان والو! نہ

تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًا ۭ وَدُّوْا مَا

بناؤ راز دار اپنے کسی غیر کو، وہ نہ چھوڑ رکھیں گے کچھ بدخواہی میں۔ ان کی تو آرزو

عَنِتُّمْ ۚ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَاۗءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۠ وَمَا تُخْفِيْ

ہے، جتنی دشواری تمہیں ہو۔ ان کے منہ سے ان کا بغض ظاہر ہو چکا۔ اور وہ جو ان کے سینے

صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ۭ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝۱۱۸

چھپائے ہیں بہت بڑا ہے، ہم نے ساری نشانیاں تمہارے لئے بیان کر دیں، اگر تم عقل سے کام لو ●

هٰٓاَنْتُمْ اُولَاۗءِ تُحِبُّوْنَهُمْ وَلَا يُحِبُّوْنَكُمْ وَتُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ كُلِّهٖ ۚ

سنو کہ ایک تو تم ہو، تو تم ان کو دوست رکھتے ہو، اور وہ تم کو دوست نہیں رکھتے، اور تم کُل کتاب کو مانتے ہو،

وَاِذَا لَقُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَوْا عَضُّوْا عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ مِنَ

اور وہ جب تم سے ملے، تو کہہ دیا کہ ہم بھی مان چکے۔ اور جب الگ ہوئے، تو چباڈالا تم پر انگلیوں کو

الْغَيْظِ ۭ قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۱۱۹

غصہ سے۔ کہہ دو کہ مر جاؤ اپنی جلن میں۔ بے شک اللہ جانتا ہے سینوں والی باتوں کو ●

اِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۡ وَاِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا

اگر تم کو فائدہ ہو، تو برا لگے ان کو، اور اگر تم کو کوئی نقصان پہنچے، تو اس سے وہ خوش ہوں۔

بِهَا ۭ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـــًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ

اور اگر تم صبر کرو اور پرہیز گاری سے کام لیتے رہو، تو نہ بگاڑ سکے گا تمہارا، ان کا مکر کچھ۔ بیشک اللہ

بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ۝۱۲۰ ع وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ ع ۱۲

ان کے کرتوتوں کو گھیرنے والا ہے ● اور یاد کرو جب تم صبح کو نکلے اپنے گھر سے، کہ بٹھا دو مسلمانوں کو

مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝۱۲۱ۙ اِذْ هَمَّتْ طَّاۗىِٕفَتٰنِ مِنْكُمْ

جنگ کے مورچوں پر، اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے ● جبکہ قصد کر لیا تھا تمہارے دو گروہوں نے،

اَنْ تَفْشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

کہ بزدلی کر جائیں جبکہ اللہ ان دونوں کا مددگار ہے، اور اللہ ہی پر ایمان والے بھروسہ رکھیں ●

وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ

اور بے شک مدد دی تم کو اللہ نے بدر میں، جب کہ تم بے سروسامان ہو۔ تو ڈرو اللہ کو، کہ اب

تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ اَنْ يُّمِدَّكُمْ

شکرگزار ہو جاؤ ● جب تم کہہ رہے تھے مسلمانوں کو، کہ کیا تمہیں کافی نہیں کہ مدد فرمائے تمہاری

رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ بَلٰٓى ۙ اِنْ تَصْبِرُوْا وَ

تمہارا پروردگار، تین ہزار فرشتوں سے، جو اتارے گئے ہوں ● ہاں ہاں اگر صبر کرو اور

تَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ

پرہیزگاری کرو، اور سب دشمن آپڑیں تم پر اسی دم، تو مدد کرے گا تمہاری تمہارا رب پانچ ہزار

مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ

نشانی والے فرشتوں سے ● اور نہیں کیا اس کو اللہ نے، مگر خوش کرنے کو تمہیں، الربع

وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ ؕ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ

اور تاکہ تمہارے دل مطمئن ہو جائیں۔ اور نہیں ہے مدد مگر اللہ کے پاس سے، غلبہ والا

الْحَكِيْمِ ﴿۱۲۶﴾ لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا

حکمت والا ● تاکہ کاٹ دے ایک کنارہ ان کا، جنھوں نے کفر کیا، یا ان کو ذلیل وخوار کر دے، تو وہ لوٹیں

خَآئِبِيْنَ ﴿۱۲۷﴾ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ

نامراد ہو کر ● نہیں ہے تمہاری ذمہ داری اس بارے میں کچھ، کہ یا اللہ توبہ کرا لے ان سے، یا

يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى

عذاب دے ان کو، کیوں کہ وہ سب ظالم ہیں ● اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ

الْاَرْضِ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

زمین میں ہے۔ بخشے جسے چاہے، اور عذاب دے جس کو چاہے۔ اور اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۪ ع ۱۵ ۳ ۷

رحمت والا ہے ● اے ایمان والو! مت کھاؤ سود دونا دون۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۳۰﴾ وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۱﴾

اور اللہ کو ڈرو کہ اب مُراد کو پا جاؤ● اور بچو اس آگ سے جو تیار کی گئی ہے کافروں کیلئے●

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَسَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ

اور فرماں برداری کرو اللہ اور رسول کی، کہ اب تم رحم کئے جاؤ● اور تیزی کرو بخشش کی طرف

مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۳﴾

اپنے رب کی، اور جنت کی طرف، جسکی چوڑائی ہے سارے آسمان اور زمین، تیار رکھی گئی ہے پرہیزگاروں کیلئے●

الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ

جو خرچ کریں خوشحالی میں اور تنگدستی میں، اور پی جانے والے غصہ کو،

وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ وَالَّذِيْنَ

اور معافی دینے والے لوگوں کو، اور اللہ دوست رکھتا ہے احسان کرنے والوں کو● اور وہ جو

اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا

کر گزرے کوئی بے حیائی یا ظلم کر بیٹھے اپنے اوپر، تو یاد کیا اللہ کو، پھر بخشش چاہی

لِذُنُوْبِهِمْ ۠ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۣ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰي مَا

اپنے گناہوں کی، اور کون بخشے گناہ، سوا اللہ کے۔۔۔ اور اصرار نہ کیا اس پر جو

فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ اُولٰۗىِٕكَ جَزَاۗؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ

کر گزرے دیدہ و دانستہ● وہ ہیں کہ بدلہ اُن کا، بخشش ہے ان کے پروردگار کی،

وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَنِعْمَ اَجْرُ

اور جنتیں ہیں، بہتی ہیں جن کے نیچے نہریں، اس میں ہمیشہ رہنے والے۔ اور کیا خوب اجر ہے

الْعٰمِلِيْنَ ﴿۱۳۶﴾ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ

کارگزاروں کا● ہو چکے ہیں تم سے پہلے بھی کچھ طریقے، تو زمین کی سیر کرو،

فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَ

پھر دیکھو کہ کیسا ہوا انجام جھٹلانے والوں کا● یہ صاف بات ہے لوگوں کیلئے، اور

هُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۸﴾ وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ

ہدایت و نصیحت ہے پرہیزگاروں کیلئے● اور نہ سست ہو، اور نہ رنج کرو، اور تم ہی،

الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ

بلند اور غالب ہو، اگر ہو تم ایمان والے ● اگر لگے تم کو زخم، تو بے شک لگ چکا ہے

الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ

قوم دشمن کو بھی اسی طرح کا زخم۔ اور یہ ایام ہم باری باری پھیرتے ہیں ان کو لوگوں میں، اور تا کہ معلوم کرا دے

اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ

اللہ ان کو، جو ایمان لائے۔ اور بنائے تم میں سے کچھ شہادت والے۔ اور اللہ نہیں پسند فرماتا

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۱﴾

ظالموں کو ● اور تا کہ خالص کھرا کر دے اللہ انکو، جو ایمان لائے، اور مٹا ڈالے کافروں کو ●

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا

کیا تم نے خیال کر رکھا ہے کہ جنت میں جاؤ گے، اور ابھی معلوم کرائیگا اللہ انھیں، جنھوں نے تم میں سے جہاد

مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۲﴾ وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ

کیا ہے، اور ابھی معلوم کرائے گا صبر کرنے والوں کو ● اور تم بڑی آرزو رکھتے تھے مرنے کی،

قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ ۖ فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۱۴۳﴾ وَمَا مُحَمَّدٌ ع ۱۴

قبل اس کے کہ موت سے ملو، تو اب تو تم نے اس کو دیکھ لیا اپنی نظر سے ● اور نہیں ہیں محمد

اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَاۡئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ

مگر ایک رسول۔ بیشک گزرے ان سے پہلے سارے رسول۔ تو کیا اگر وہ انتقال کریں یا شہید کر دیئے

انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ؕ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ

جائیں، تو تم پلٹ جاؤ گے الٹے پاؤں؟ اور جو الٹے پاؤں پلٹے، تو کچھ نہ

يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ

بگاڑ سکے گا اللہ کا۔ اور اللہ جلد جزا دے گا شکر گزاروں کو ● اور کسی جان کو حق نہیں

اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ؕ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا

کہ مر جائے بغیر حکم اللہ کے، لکھا ہوا ہے وقت مقرر کردہ۔ اور جو چاہے دنیا کا پھل

نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ؕ وَسَنَجْزِى

تو ہم اسکو اس سے دیں۔ اور جو چاہے آخرت کا ثواب، تو ہم اسکو اس سے دیں۔ اور جلد ہم جزا دینگے

الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ ۙ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ فَمَا

شکر والوں کو ● اور کتنے پیغمبروں نے جہاد کیا، جن کے ساتھ بکثرت اللہ والے تھے، تو وہ

وَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَكَانُوْا ۭ

سست نہ ہوئے اس مصیبت سے، جو ان کو پہنچی اللہ کی راہ میں، اور نہ کمزور پڑے، اور نہ دبے۔

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا

اور اللہ دوست رکھتا ہے صبر کرنے والوں کو ● اور نہ تھا انکا کچھ کہنا، سوا اسکے کہ دعا کی، "پروردگارا

اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا

ہم کو بخش دے، ہمارے گناہوں کو اور ہماری زیادتی کو اپنے کام میں، اور ہم کو ثابت قدم رکھ اور ہماری مدد فرما

عَلَي الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾ فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ

کافر قوم پر" ● تو دیا ان کو اللہ نے دنیا کی بھلائی، اور ثواب آخرت

الْاٰخِرَةِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ ع ۱۵ ۴

کی خوبی۔ اور اللہ دوست رکھتا ہے احسان کرنے والوں کو ● اے ایمان والو! اگر

تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓي اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾

کہے پر چلو گے ان کے جو کافر ہیں، تو لوٹا دیں گے تم کو الٹے قدم، تو تم ہی الٹے گھاٹا اٹھاؤ گے ●

بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ ﴿۱۵۰﴾ سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ

بلکہ اللہ تمہارا مولیٰ ہے، اور وہ سب سے بہتر مددگار ہے ● جلد ڈال دیں گے ہم دلوں میں

الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ

انکے جو کافر ہیں رعب کو، کیونکہ انھوں نے شریک بنایا اللہ کا اس کو، جسکی اللہ نے کوئی سند نہیں اتاری۔

وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ

اور ان کا ٹھکانہ جہنم ہے۔ اور کتنا برا ہے ٹھکانہ ظالموں کا ● اور بے شک ضرور سچ کر دکھایا تم کو

اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ

اللہ نے اپنے وعدہ کو، جبکہ تم قتل کر رہے تھے ان کو، اس کے حکم سے، یہاں تک کہ جب تم بزدل ہو گئے

فِي الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَآ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ۭ مِنْكُمْ

اور تعمیل حکم میں جھگڑنے لگے، اور نافرمانی کی، بعد اس کے کہ دکھا دیا تم کو جو تم چاہتے ہو۔ تم میں کوئی

مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ ثُمَّ صَرَفَكُمْ

چاہے دنیا کو اور کوئی چاہے آخرت کو۔ پھر تو پھیر دیا تم کو

عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ ۗ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى

ان کی جانب سے، تاکہ آزمائے تم کو، اور بے شک اس نے تم کو معافی دے دی، اور اللہ فضل والا ہے

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓى اَحَدٍ وَّالرَّسُوْلُ

ایمان والوں پر● جب تم چڑھے چلے جاتے تھے اور مڑتے نہ تھے کسی پر، اور رسول

يَدْعُوْكُمْ فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ فَاَثَابَكُمْ غَمًّۢا بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰى مَا

تم کو بلا رہے تھے تمہاری پچھلی جماعت میں، تو غم کے بدلے تم کو غم دیا، تاکہ رنج کرو اس پر

فَاتَكُمْ وَلَا مَآ اَصَابَكُمْ ۗ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵۳﴾ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ

جو جاتا رہا تم سے، اور نہ اس پر جو آپڑے تم پر، اور اللہ باخبر ہے جو تم کرو● پھر اتارا تم پر

مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ

غم کے بعد پرسکون نیند جو تم میں سے ایک جماعت پر چھا رہی تھی، اور ایک جمعیت

اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ

ان کو غم میں ڈال دیا تھا ان کی جانوں نے، گمان رکھتے تھے اللہ سے ناحق، جاہلیت کا گمان۔

يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ

کہیں، کہ "کیا ہمیں بھی کچھ اختیار ہے"۔ کہدو، کہ "اختیار تو بالکل

لِلّٰهِ ۭ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ۭ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ

اللہ کا ہے"۔ چھپاتے ہیں اپنے اندر وہ، جو ظاہر نہیں کرتے۔ تم سے کہتے ہیں کہ اگر

لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ۭ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ

ہمیں کچھ اختیار ہوتا، تو ہم یہاں مارے نہ جاتے۔ کہدو اگر تم اپنے گھروں میں ہوتے

لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ

ضرور نکل آتے وہ، لکھ دیا گیا ہے جن پر قتل ہو جانا اپنی اپنی قتل گاہ میں، اور تاکہ آزمائے

اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ

اللہ جو تمہارے سینوں میں ہے، اور تاکہ چھانٹ کر رکھ دے جو تمہارے دلوں میں ہے۔ اور اللہ

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۙ

سینوں کی بات کو جانتا ہے● بے شک جو لوگ پھر گئے تم میں سے، جس دن ملیں دونوں فوجیں،

اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا ۚ وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ

انکو شیطان ہی نے ڈگمگا دیا، بسبب اسکے جو بعض کمائی کی تھی انھوں نے۔ اور بیشک ضرور اللہ نے معاف فرما دیا

عَنْهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۵۵﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا ع ۱۴

ان سے۔ بے شک اللہ بخشنے والا حلم والا ہے● اے مسلمانو! مت

تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ اِذَا ضَرَبُوْا فِي

ہو ان کی طرح جنھوں نے کفر کیا، اور اپنے بھائیوں کیلئے کہا، جب کہ وہ سفر گئے

الْاَرْضِ اَوْ كَانُوْا غُزًّى لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا ۚ

زمین میں یا مجاہد تھے، کہ اگر ہوتے ہمارے پاس تو نہ مرتے، اور نہ قتل کئے جاتے۔

لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۭ

تا کہ کر دے اللہ اس کو حسرت ان کے دلوں میں۔ اور اللہ جلاتا ہے اور مارتا ہے۔

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۵۶﴾ وَلَىِٕنْ قُتِلْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اور اللہ جو کرو دیکھ رہا ہے● اور بے شک اگر تم شہید کر دیئے گئے اللہ کی راہ میں

اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۱۵۷﴾

یا مرے، تو اللہ کی بخشش اور رحمت ضرور زیادہ بہتر ہے اس سے جو وہ کافر جمع کریں●

وَلَىِٕنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِ اِلَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ فَبِمَا رَحْمَةٍ

اور بیشک تم اگر مرے یا شہید کئے گئے، تو ضرور اللہ ہی کی طرف اٹھائے جاؤ گے● تو اللہ کی رحمت ہی کا

مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا

سبب ہے کہ تم نرم دل ہوئے ان کیلئے۔ اور اگر ہوتے تم طبیعت کے تند اور دل کے سخت، تو ضرور وہ سب

مِنْ حَوْلِكَ ۠ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي

ادھر اُدھر ہو جاتے تمہارے گرد سے، تو ان کو معاف کرو اور انکے لئے بخشائش چاہو، اور کام میں ان سے

الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

مشورہ لیا کرو، پھر جب تم نے مضبوط ارادہ کر لیا، تو اللہ پر بھروسہ رکھو۔ بے شک اللہ دوست رکھتا ہے

الْمُتَوَكِّلِيْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ

توکل والوں کو● اگر مدد فرمائے تم لوگوں کی اللہ، تو کوئی تمہارے اوپر غالب نہیں، اور اگر

يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ

چھوڑ دے تم لوگوں کو، تو کون وہ ہے جو تمہاری مدد کرے اس کے بعد۔ اور اللہ ہی پر

فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ ۭ وَمَنْ يَّغْلُلْ

بھروسہ رکھیں ایمان والے● ممکن نہیں نبی کیلئے کہ کچھ دبا بیٹھیں۔ اور جو شخص کچھ دبالے،

يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَ

وہ لائے گا جو کچھ دبالیا ہے قیامت کے دن۔ پھر بھر پور دیا جائے گا ہر ایک جو کمار کھا ہے، اور

هُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْۢ بَاۗءَ بِسَخَطٍ

وہ ظلم نہ کئے جائیں گے● تو کیا جس نے پیروی کی اللہ کی مرضی کی، وہ اسکی طرح ہے جو لوٹ، آیا

مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۶۲﴾ هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ

اللہ کے غضب میں، اور اس کا ٹھکانہ جہنم ہے؟ اور کیا بری پھرنے کی جگہ ہے● وہ اللہ کے یہاں درجہ

اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۳﴾ لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ

درجہ ہیں، اور اللہ انکے کئے کو دیکھنے والا ہے● البتہ بے شک احسان فرمایا اللہ نے ایمان والوں پر،

اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَ

جو بھیجا ان میں رسول، انھیں سے، تلاوت کرے ان پر اللہ کی آیتیں، اور

يُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ

پاک کرے ان کو، اور سکھائے ان کو کتاب وحکمت؟ ورنہ ضرور وہ لوگ پہلے سے

قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۶۴﴾ اَوَلَمَّآ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَدْ

کھلی گمراہی میں تھے● کیا جب پہنچی تم کو ایسی مصیبت کہ تم خود مصیبت

اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَا ۭ قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ ۭ

دے چکے تھے اس سے دونی، تو تم کہنے لگے کہ یہ کہاں سے، جواب دو کہ وہ خود تمہاری طرف سے ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۶۵﴾ وَمَآ اَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى

بے شک اللہ ہر چاہے پر قدرت والا ہے● اور جو کچھ مصیبت آئی تم پر، جس دن ملی

النصف

الْجَمْعٰنِ فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۶۶﴾ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ

دونوں فوجیں، تو یہ اللہ کے حکم سے، اور تا کہ معلوم کرادے ایمان والوں کو● اور تا کہ معلوم کرادے ان کو جو

نَافَقُوْا ۚ وَقِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوِ ادْفَعُوْا ؕ

منافق ہوئے، اور ان کو حکم دیا گیا کہ آؤ اللہ کی راہ میں جہاد کرو، یا دشمنوں کو ہٹاؤ،

قَالُوْا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّا اتَّبَعْنٰكُمْ ؕ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ اَقْرَبُ

بولے، اگر ہم جان لیتے لڑائی ہونے کو، تو ضرور تمہاری پیروی کر چکے ہوتے۔ وہ لوگ علانیہ کفر سے آج زیادہ

مِنْهُمْ لِلْاِيْمَانِ ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ

نزدیک ہیں، بہ نسبت ایمان کے۔ کہتے ہیں اپنے منہ سے جو نہیں ہے ان کے دل میں۔

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ ﴿۱۶۷﴾ ۚ اَلَّذِيْنَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوْا

اور اللہ خوب جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں● جنھوں نے کہا اپنے رشتہ کے بھائیوں کیلئے اور خود

لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا ؕ قُلْ فَادْرَءُوْا عَنْ اَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ اِنْ

بیٹھ رہے، کہ اگر ہمارے کہے پر چلے ہوتے، تو قتل نہ کئے جاتے۔ جواب دو، کہ "تمہیں ہٹا لو اپنے سے موت کو اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

سچے ہو"● اور خیال بھی نہ کرنا جو شہید کئے گئے اللہ کی راہ میں

اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ

ان کو مردہ، بلکہ زندہ ہیں، اپنے رب کے پاس روزی دیئے جاتے ہیں● خوش خوش اس سے جو دیا ہے ان

اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ

کو اللہ نے اپنے فضل سے۔ اور شاد ہو رہے ان سے، جو ابھی نہیں ملے ان سے

مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ يَسْتَبْشِرُوْنَ

بعد والے۔ کہ نہ ان پر کوئی خوف ہے اور نہ وہ رنجیدہ ہوں--●-- شاد شاد ہو رہے ہیں

بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ ۚ

اللہ کی نعمت و فضل سے۔ اور یہ کہ بے شک اللہ نہیں بیکار کرتا ایمان والوں کے اجر کو●

اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۛؕ

جو بلانے پر حاضر ہو گئے اللہ و رسول کے، بعد اس کے کہ پہنچ چکا تھا ان کو زخم،

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۲﴾ اَلَّذِيْنَ قَالَ

انکے لئے جنھوں نے اچھے کام کئے ان میں سے اور پرہیزگار رہوئے، بڑا ثواب ہے● وہ جن سے لوگوں

لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ

نے کہا، کہ بے شک لوگوں نے ایک جمعیت بنالی ہے تمہارے لئے، تو ان کو ڈرو، تو اس خبر نے بڑھا

اِيْمَانًا ۖ وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾ فَانْقَلَبُوْا

دیا ان کو ایمان میں، اور بولے کہ کافی ہے ہمارے لئے اللہ، اور کیسا اچھا کارساز ہے● تو وہ لوٹے

بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوْا

اللہ کی نعمت و فضل کے ساتھ۔ نہ چھوا ان کو کسی برائی نے۔ اور وہ چلے

رِضْوَانَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۷۴﴾ اِنَّمَا ذٰلِكُمُ

اللہ کی مرضی پر۔ اور اللہ بڑے فضل والا ہے● بس یہ

الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ اَوْلِيَاۗءَهٗ ۠ فَلَا تَخَافُوْهُمْ وَخَافُوْنِ اِنْ

شیطان ہی ہے ڈراتا ہے اپنے دوستوں سے۔ تو تم ان کو نہ ڈرو۔ تم تو مجھ سے ڈرو، اگر

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۵﴾ وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ ۚ

ایمان والے ہو● اور نہ رنجیدہ کریں تم کو جو دوڑ کر رہے ہیں کفر میں۔

اِنَّهُمْ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـــًٔا ۭ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا

بلاشبہ وہ کچھ نہ بگاڑ سکیں گے اللہ کا۔ اللہ چاہتا ہے کہ نہ رکھے ان کے لئے کوئی حصہ

فِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ

آخرت میں۔ اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے● بے شک جنھوں نے خریدا کفر کو

بِالْاِيْمَانِ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـــًٔا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۷﴾ وَلَا

ایمان کے بدلے، ہرگز نہ بگاڑ سکیں گے اللہ کا کچھ، اور انکے لئے دکھ دینے والا عذاب ہے● اور نہ

يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ۭ اِنَّمَا

گمان کریں کافر لوگ، کہ جو ہم ڈھیل دیتے ہیں ان کو، یہ بہتر ہے انکے لئے۔ ہم

نُمْلِيْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾ مَا كَانَ

ڈھیل دیتے ہیں ان کو صرف اسلئے، کہ خوب بڑھیں گناہ میں، اور انکے لئے رسوا کن عذاب ہے● نہیں ہے

اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ

اللہ، کہ چھوڑ دے تم مدعیان اسلام کو جس پر ہو، یہاں تک کہ الگ کر دے خبیث کو

مِنَ الطَّيِّبِ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ

اچھے سے۔ اور نہیں ہے اللہ، کہ آگاہی بخشے تم سب کو غیب پر، لیکن

اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۪ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ

اللہ چن لیتا ہے اپنے رسولوں سے جسے چاہے، تو مان جاؤ اللہ اور اس کے رسولوں کو۔

وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۹﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ

اور اگر مان جاؤ اور پرہیزگاری کرو تو تمہارے لئے بڑا اجر ہے● اور نہ خیال کریں جو

يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ بَلْ هُوَ

کنجوسی کرتے ہیں اس میں، جو دیدیا ہے ان کو اللہ نے اپنے فضل سے، کہ وہ بہتر ہے انکے لئے۔ بلکہ وہ

شَرٌّ لَّهُمْ ؕ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ

برا ہے انکے لئے، جلد طوق پہنائے جائینگے اس کا، جس میں کنجوسی کی ہے، قیامت کے دن۔ اور اللہ ہی

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۸۰﴾ لَقَدْ سَمِعَ

کیلئے وارثی آسمانوں اور زمین کی۔ اور اللہ تمہارے سب کئے سے باخبر ہے● بے شک ضرور سنا

اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ

اللہ نے ان کی بولی، جو بولے کہ "اللہ محتاج ہے اور ہم تونگر ہیں"۔۔۔

سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ

اب ہم ان کے کہے کو لکھ رکھیں گے، اور ان کا قتل کرنا پیغمبروں کو ناحق، اور کہیں گے کہ

ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۱۸۱﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَ

چکھو آگ کا عذاب● یہ بدلہ اُس کا، جو پہلے کر رکھا ہے تمہارے ہاتھوں نے، اور

اَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۸۲﴾ ۚ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ

بے شک اللہ نہیں ہے ظلم فرمانے والا بندوں کیلئے● جنھوں نے کہا، کہ بے شک اللہ نے

عَهِدَ اِلَيْنَآ اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ

ہم سے عہد لیا ہے، کہ نہ مانیں کسی رسول کو، یہاں تک کہ وہ لے آئے ایسی قربانی، جس کو کھا جائے

ع ۱۹ وقف لازم

النَّارُ ؕ قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِيْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِيْ

آگ۔ تم جواب دو کہ لائے تمہارے پاس بہتیرے رسول مجھ سے پہلے روشن نشانیوں کو، اور وہ

قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۳﴾ فَاِنْ كَذَّبُوْكَ

جس کو تم نے کہا، تو کیوں شہید کر ڈالا تم نے ان کو، اگر تم سچے تھے ● پھر اگر انھوں نے تکذیب کر دی تمہاری،

فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَ

تو بے شک تکذیب کیے گئے بہتیرے رسول تم سے پہلے، جو لائے تھے روشن نشانیاں اور صحیفے اور

الْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۱۸۴﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ

روشن کتاب ● ہر ایک چکھنے والا ہے موت کا۔ اور پورا پورا دیئے جاؤ گے

اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ

اپنا سارا اجر قیامت ہی کے دن۔ تو جو بچا لیا گیا جہنم سے اور داخل کیا گیا جنت میں،

فَقَدْ فَازَ ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۱۸۵﴾ لَتُبْلَوُنَّ

تو بے شک کامیاب ہوا۔ اور نہیں ہے دنیاوی زندگی، مگر دھوکے کی پونجی ● ضرور آزمائے جاؤ گے

فِيْۤ اَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۫ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

اپنے اپنے مال اور جان میں۔۔۔۔ اور ضرور سنو گے ان سے، جن کو کتاب دی گئی

مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْۤا اَذًى كَثِيْرًا ؕ وَاِنْ تَصْبِرُوْا

تم سے پہلے، اور ان سے، جنھوں نے شرک کیا ہے، بہت کچھ موذی باتیں۔ اور اگر تم لوگ صبر کرو

وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۱۸۶﴾ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ

اور متقی رہو، تو یہ بڑی ہمت کا کام ہے ● اور جبکہ لیا تھا اللہ نے مضبوط وعدہ

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهٗ ز

ان کا، جن کو کتاب دی گئی، کہ ضرور بیان کر دو گے تم لوگوں سے، اور نہ چھپاؤ گے اس کو۔

فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ وَاشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ فَبِئْسَ

تو پھینک دیا انھوں نے اسے اپنی پیٹھ پیچھے، اور لیا اس کے بدلہ میں قیمت ذلیل چیز۔ تو کتنا برا ہے

مَا يَشْتَرُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اَتَوْا وَّيُحِبُّوْنَ

جو وہ لیتے ہیں ● ہرگز خیال نہ کرو، کہ جو خوش ہوتے ہیں اپنے کئے سے، اور چاہتے ہیں

اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ ۚ

کہ تعریف کئے جائیں اس سے، جس کو کیا ہی نہیں، تو ان کو یہ نہ خیال کرو کہ عذاب سے بچاؤ میں ہیں۔

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸۸﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ

اور انھیں کیلئے دکھ دینے والا عذاب ہے ● اور اللہ ہی کیلئے ہے آسمانوں اور زمین کی ملکیت۔ اور اللہ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۸۹﴾ ع اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ع ۱۰

ہر چیز پر قدرت والا ہے ● بے شک! آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے میں،

وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۰﴾ الَّذِيْنَ

اور رات اور دن کے ادلنے بدلنے میں، ضرور نشانیاں ہیں عقل والوں کیلئے ● جو

يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ

یاد کیا کریں اللہ کو کھڑے اور بیٹھے اور کروٹوں پر، اور غور و فکر کریں

فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ

آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں۔ پروردگارا نہیں پیدا فرمایا تو نے اس کو بیکار۔

سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ

پاک ہے تو، تو بچالے ہم کو جہنم سے ● پروردگارا بے شک جسے ڈال دے جہنم میں،

فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۱۹۲﴾ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا

تو تو نے رسوا کر دیا اس کو۔ اور نہیں ہے ظالموں کیلئے کوئی مددگار ● پروردگارا بے شک ہم نے سنا

مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا

ایک منادی کو، کہ اعلان کرتے ہیں ایمان کیلئے، کہ لوگو اپنے پروردگار کو مان جاؤ، تو ہم تو مان گئے۔ پروردگارا

فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۚ ﴿۱۹۳﴾

بخش دے ہمارے گناہوں کو اور مٹا دے ہمارے گناہوں کو، اور وفات دے ہم کو نیک کرداروں کے ساتھ ●

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ

پروردگار ادے ہم کو، جو تو نے ہم سے وعدہ فرمایا اپنے رسولوں پر، اور نہ رسوائی دے ہم کو قیامت کے دن۔

اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾ فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّيْ لَآ

بے شک تو نہیں خلاف کرتا وعدہ کا ● تو قبول فرمالیا ان کی دعا کو ان کے رب نے، کہ بے شک میں

أُضِيعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنكُم مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ ۚ بَعْضُكُم مِّن

ضائع نہیں کرتا کام کسی کامی کا تم میں سے، مرد ہو یا عورت، تم میں سب ایک دوسرے

بَعْضٍ ۚ فَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَأُخْرِجُوا مِن دِيَارِهِمْ وَأُوذُوا

سے ہیں۔ تو جنھوں نے ہجرت کی اور نکالے گئے اپنے گھروں سے، اور ستائے گئے

فِي سَبِيلِي وَقَاتَلُوا وَقُتِلُوا لَأُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ

میری راہ میں، اور وہ لڑے اور شہید کئے گئے، ضرور مٹادوں گا ان سے ان کے گناہوں کو،

وَلَأُدْخِلَنَّهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ثَوَابًا مِّن

اور ضرور داخل کروں گا ان کو جنتوں میں، کہ بہا کریں جن کے نیچے نہریں، اللہ کی طرف

عِندِ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ عِندَهُ حُسْنُ الثَّوَابِ ﴿١٩٥﴾ لَا يَغُرَّنَّكَ

سے ثواب۔ اور اللہ، اسی کے پاس ثواب کا حسن ہے● ہرگز نہ دھوکہ دے

تَقَلُّبُ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي الْبِلَادِ ﴿١٩٦﴾ مَتَاعٌ قَلِيلٌ ثُمَّ مَأْوَاهُمْ

تمہارے لوگوں کو اینٹھتے پھرنا کافروں کا شہروں میں● تھوڑا برتنا ہے۔۔۔ پھر ان کا ٹھکانہ

جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿١٩٧﴾ لَٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنَّاتٌ

جہنم ہے۔ اور کیسا بُرا بستر ہے● لیکن جو ڈرا کئے اپنے رب کو، ان کیلئے جنتیں ہیں،

تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا نُزُلًا مِّنْ عِندِ

بہہ رہی ہیں ان کے نیچے نہریں، ہمیشہ رہنے والے اُس میں، مہمانی اللہ کی طرف

اللَّهِ ۗ وَمَا عِندَ اللَّهِ خَيْرٌ لِّلْأَبْرَارِ ﴿١٩٨﴾ وَإِنَّ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ

سے۔ اور جو اللہ کے پاس ہے، زیادہ بہتر ہے نیکوکاروں کیلئے● اور بے شک بعض اہل کتاب ہیں

لَمَن يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْكُمْ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِمْ

کہ مانیں اللہ کو، اور جو اتارا گیا تم پر، اور جو اتارا گیا ان پر،

خَاشِعِينَ لِلَّهِ لَا يَشْتَرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۚ أُولَٰئِكَ

دبے لچے اللہ کے سامنے، نہیں لیتے اللہ کی آیات کے بدلے قیمت کم حقیقت۔ وہ ہیں

لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ﴿١٩٩﴾ يَا أَيُّهَا

جن کیلئے ان کا اجر ہے ان کے رب کے پاس۔ بے شک اللہ جلد حساب فرمانے والا ہے● اے

الخامس

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا ۟ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

ایمان والو! صبر کرو اور صبر میں بڑھ جاؤ۔ اور حفاظت ملک اسلامی کیلئے کمر بستہ رہو۔۔۔۔ اور اللہ

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۲۰۰ ع

کو ڈرو کہ امیدوار کامیابی ہو جاؤ۔ ●

سُوْرَةُ النِّسَآءِ مَدَنِيَّةٌ ۹۲ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۷۶ رُكُوْعَاتُهَا ۲۴

سورۂ نساء مدنیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۱۷۶ رکوع ۲۴

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ

اے لوگو ڈرو اپنے پروردگار کو، جس نے پیدا فرمایا تم کو ایک جان سے،

وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَ

اور پیدا فرمایا اس جان سے اس کا جوڑا، اور پھیلا دیا ان دونوں سے بہتیرے مرد اور عورتیں۔ اور

اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

ڈرو اللہ کو جس کے نام پر مانگتے رہتے ہو، اور اپنے رشتوں کو۔ بے شک اللہ

عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ۝۱ وَاٰتُوا الْيَتٰمٰٓى اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ

تم پر نگراں ہے● اور دے ڈالو یتیموں کو ان کے مال کو، اور بدلے میں نہ لو ناپاک کو

بِالطَّيِّبِ ۠ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا

پاک کے، اور مت کھا جایا کرو ان کے مال کو اپنے مال کے ساتھ، بے شک یہ گناہ

كَبِيْرًا ۝۲ وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ

کبیرہ ہے● اور اگر تم ڈرے کہ انصاف نہ کر سکو گے یتیموں میں، تو نکاح میں لے آؤ جو تمہاری پسندیدہ ہو

لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا

عورتوں سے، دو دو، تین تین، چار چار۔ پھر اگر تم ڈرے کہ برابر کا برتاؤ نہ کر سکو گے،

فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَلَّا تَعُوْلُوْا ۝۳ ۭ وَ

تو ایک بیوی کرو، یا تمہاری مملوکہ لونڈیاں۔ یہ طریقہ اس امید کو قریب کرنیوالا ہے، کہ تم زیادتی نہ کر سکو گے● اور

اٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ۭ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ

دے ڈالو عورتوں کو ان کا سارا مہر، خوش خوش۔ ہاں اگر وہ خوش دلی سے دے دیں کچھ

مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا ۝۴ وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ

مہر سے، تو اس کو کھاؤ، جائز درست ● اور نہ دے ڈالو بے وقوفوں کو اپنے زیر نگرانی

الَّتِيْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰمًا وَّارْزُقُوْهُمْ فِيْهَا وَاكْسُوْهُمْ

مال کو، جسکو بنا دیا اللہ نے تمہارے لئے معاش، اور دیتے رہو ان کو اس میں سے، اور پہناتے رہو ان کو،

وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝۵ وَابْتَلُوا الْيَتٰمٰى حَتّٰٓى اِذَا بَلَغُوا

اور بولا کرو ان سے خوش گوار بولی ● اور جانچتے رہو یتیموں کو، یہاں تک کہ جب نکاح

النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوْٓا اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ

کو پہنچیں، تو اگر تم نے مانوس دیکھا ان کو سمجھ بوجھ سے، تو دے ڈالو ان کو ان کا مال۔

وَلَا تَاْكُلُوْهَآ اِسْرَافًا وَّبِدَارًا اَنْ يَّكْبَرُوْا ۭ وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا

اور نہ کھاؤ اس کو حاجت سے زیادہ اور جلدی جلدی، کہ بڑے ہو جائیں گے۔ اور جو خود مال دار ہو

فَلْيَسْتَعْفِفْ ۚ وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ فَاِذَا

تو وہ بچا کرے۔ اور جو محتاج ہو، تو وہ کھا لیا کرے بقدر مناسب۔ پھر جب

دَفَعْتُمْ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ فَاَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

تم ان کو ان کا مال واپس کرو، تو گواہ بنا لو اُن پر۔ اور اللہ کافی ہے

حَسِيْبًا ۝۶ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۠

حساب لینے والا ● مَردوں کیلئے حصہ ہے، جو چھوڑ گئے ان کے ماں باپ اور قرابت دار۔

وَلِلنِّسَاۗءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ

اور عورتوں کیلئے حصہ ہے، جو چھوڑ گئے ان کے ماں باپ اور قرابت مند، کم ہو

مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ۭ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝۷ وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا

یا زیادہ۔ مقرر حصہ ● اور اگر موجود ہوں بانٹنے کے وقت

الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَهُمْ

عزیز لوگ، اور یتیم اور مسکین لوگ، تو دے دیا کرو کچھ انھیں اس سے، اور بولو ان سے

قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝۸ وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً

اچھی بولی ● اور ڈریں جو اگر چھوڑ جائیں اپنے بعد کمزور اولاد،

ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ ۪ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۝۹

توان پرڈریں، تو وہ ڈریں اللہ کو اور بولیں ٹھیک بولی●

اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ

بے شک جولوگ کھائیں تیموں کا مال ناحق، وہ کھائیں

فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ۭ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا ۝۱۰ ع يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ ع ۱۲

اپنے پیٹ میں نری آگ۔ اور جلد پہنچیں گے جہنم● حکم دیتا ہے تم کو اللہ

اَوْلَادِكُمْ ۤ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ فَاِنْ كُنَّ نِسَاۗءً

تمہاری اولاد کے بارے میں، کہ بیٹے کیلئے حق دو بیٹیوں کے حصے کے برابر ہے۔ پھر اگر صرف بیٹیاں ہوں،

فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً

دو سے زیادہ، تو انکے لئے دو تہائی ہے ترکہ کا، اور اگر ایک ہو،

فَلَهَا النِّصْفُ ۭ وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا

تو اس کیلئے آدھا ہے۔ اور اس کے ماں باپ کیلئے، ہر ایک کیلئے چھٹا حصہ

تَرَكَ اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ

ترکہ کا، اگر کوئی اس کی اولاد ہو۔ اور اگر اس کی اولاد نہ ہو، اور وارث ہوں ماں باپ،

فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهٗٓ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ مِنْۢ

تو اس کی ماں کا تہائی حصہ ہے۔ اور اگر اس کے بھائی بہنیں ہوں، تو اس کی ماں کا چھٹا حصہ ہے،

بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۭ اٰبَاۗؤُكُمْ وَاَبْنَاۗؤُكُمْ لَا

وصیت پوری کرنے کے بعد جو وہ کرے، اور ادائے قرض کے بعد۔ تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے،

تَدْرُوْنَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ۭ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

تم نہیں جانتے، کہ ان میں کون تمہارے نفع کے نزدیک ہے۔ حصہ مقررہ اللہ کی طرف سے، بے شک اللہ

كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝۱۱ وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ اَزْوَاجُكُمْ اِنْ

علم والا حکمت والا ہے● اور تمہارے لئے آدھا ہے، جو ترکہ چھوڑا تمہاری بیبیوں نے، اگر

لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا

ان کے اولاد نہیں۔ اور اگر اولاد ہے، تو تمہارا حصہ چوتھائی ہے، جو

تَرَكْنَ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ

اُنکا ترکہ ہووصیت پوری کرنے کے بعد، جووہ وصیت کر جائیں اورادائے قرض کے بعد۔اور بیبیوں کا حصہ چوتھائی

مِمَّا تَرَكْتُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ

جوتم لوگوں کا ترکہ ہو، اگرنہ ہو تمہاری اولاد۔ پس اگر تمہاری اولاد ہو، توان کا حصہ

الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ

آٹھواں ہے تمہارے متروکہ کا، بعد پوری کرنے وصیت کے، جوتم وصیت کر جاؤ اورادائے قرض کے بعد۔

وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ وَّلَهٗۤ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ

اوراگر کوئی مورث بے ماں باپ کا اورلاولد مرد ہو یا عورت، اوراسکے ماں جایا بھائی یا بہن ہے، توان میں

وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَاِنْ كَانُوْۤا اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ

سے ہرایک کا حصہ چھٹا ہے۔ اوراگر اس سے زیادہ ہوں، توووہ سب شریک ہیں

فِى الثُّلُثِ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۙ غَيْرَ مُضَآرٍّ ۚ

ایک تہائی میں، وصیت پوری کرنے کے بعد جس کی وصیت کی جائے اورادائے قرض کے بعد، بےضرر،

وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ؕ﴿۱۲﴾ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ

قانون اللہ کی طرف سے۔ اور اللہ علم والاحلم والا ہے● یہ ہیں اللہ کی حد بندیاں۔

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا

اور جوحکم چلائے اللہ اوراس کے رسول کا، تو داخل کرے گا اس کو جنتوں میں، بہہ رہی ہیں جن کے نیچے

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۳﴾ وَمَنْ يَّعْصِ

نہریں، ہمیشہ رہنے والے اس میں۔ اور یہ بلندی بڑی کامیابی ہے● اور جو نافرمانی کرے

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا ۪

اللہ اوراسکے رسول کی، اور بڑھ جائے اسکی حد بندیوں سے، ڈال دیگا اسکو جہنم میں، ہمیشہ رہنے والا اس میں،

وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۴﴾ ع وَالّٰتِىْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَآئِكُمْ ۲۴/۱۳

اوراس کیلئے عذاب ہے رسوا کرنے والا● اور جو بدکاری کریں تمہاری عورتوں سے،

فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا

توان پر گواہ بنالو چار، اپنوں سے۔ تو اگر انھوں نے گواہی دی،

فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ حَتّٰى يَتَوَفّٰىهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ

تو ان کو بند کر دو گھروں میں، یہاں تک کہ پوری مدت کر دے ان کی موت، یا نکال دے

اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا ﴿۱۵﴾ وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ

اللہ انکے لئے راہ● اور جو تم میں سے بدکاری کریں، تو دونوں کو ستاؤ۔ پس اگر

تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۱۶﴾

توبہ کر لی اور ٹھیک ہو گئے، تو ان کو چھوڑ دو۔ بے شک اللہ توبہ قبول فرمانے والا بخشنے والا ہے●

اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْۗءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ

توبہ قبول فرمالینا اللہ پر انھیں کیلئے ہے، جو کر بیٹھیں گناہ انجانی میں، پھر

يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰۗىِٕكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ وَكَانَ

توبہ کر لیں جلدی سے، تو وہ ہیں کہ توبہ قبول فرمالے اللہ ان کی۔ اور

اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۷﴾ وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ

اللہ ہے علم والا حکمت والا● اور توبہ انکے لئے نہیں ہے، جو برائیاں کرتے رہیں۔

حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّىْ تُبْتُ الْـٰٔنَ وَلَا

یہاں تک کہ جب آ گئی کسی کو موت، تو لگا کہنے، کہ میں نے تو اب بے شک توبہ کر لی۔ اور نہ

الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ كُفَّارٌ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا

انکے لئے جو مریں کافر۔ جن کیلئے ہم نے تیار کر رکھا ہے عذاب

اَلِيْمًا ﴿۱۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَاۗءَ

دکھ دینے والا● اے وہ جو ایمان لا چکے، نہیں حلال ہے تمہارے لئے کہ وارث بن جاؤ عورتوں کے

كَرْهًا ۭ وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اِلَّآ

زبردستی اور نہ روکو ان کو اس نیت سے کہ کچھ لے لو، جو ان کو مہر دے ڈالا تھا، مگر

اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ

ان کی کھلی بدکاری پر۔ اور اُن سے برتاؤ اچھا رکھو۔ پھر اگر

كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـــًٔا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ

برا جانا تم نے ان کو، تو قریب ہے کہ تم ناپسند کرو کچھ، اور کر دے اللہ اس میں

خَيْرًا كَثِيْرًا ﴿۱۹﴾ وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ ۙ وَّ

بڑی بھلائی ● اور اگر ارادہ کرلیا تم نے دوسری بیوی لانے کا، بجائے پہلی کے، اور

اٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْـًٔا ؕ اَتَاْخُذُوْنَهٗ

دے ڈالا تم نے ان میں سے کسی کو بہت زیادہ مہر، تو نہ لو اس سے کچھ۔ کیا اس کو لو گے

بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۲۰﴾ وَكَيْفَ تَاْخُذُوْنَهٗ وَقَدْ اَفْضٰى

بہتان باندھ کر اور کھلے گناہ سے ● اور تم کیسے لو گے اسے، حالانکہ تم ایک دوسرے سے

بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ وَّاَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۲۱﴾ وَلَا

بے پردہ ہو چکے، اور وہ لے چکی ہیں تم سے گاڑھا عہد ● اور مت

تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّهٗ

نکاح کرو ان عورتوں سے، جن سے نکاح کر چکے تمہارے باپ، بجز اس کے جو پہلے گزر گیا۔ بیشک یہ

كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿۲۲﴾ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ ع ۳ ۸ ۱۴

بے شرمی اور غصہ دلانے والا کام، اور بری راہ ہے ● حرام کر دی گئیں تم پر تمہاری مائیں

وَبَنٰتُكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ وَعَمّٰتُكُمْ وَخٰلٰتُكُمْ وَبَنٰتُ الْاَخِ وَبَنٰتُ

اور تمہاری بیٹیاں اور تمہاری بہنیں اور تمہاری پھوپھیاں اور تمہاری خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں،

الْاُخْتِ وَاُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِيْٓ اَرْضَعْنَكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ مِّنَ الرَّضَاعَةِ

اور وہ مائیں جنھوں نے دودھ پلایا تم کو، اور تمہاری بہنیں دودھ شریکی،

وَاُمَّهٰتُ نِسَآئِكُمْ وَرَبَآئِبُكُمُ الّٰتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ الّٰتِيْ

اور تمہاری ساس، اور تمہاری وہ پالک، جو تمہاری گود میں ہے ان بیبیوں سے جن سے

دَخَلْتُمْ بِهِنَّ ۫ فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ

تم نے صحبت کی ہے، پس اگر تم نے ان سے صحبت نہیں کی ہے، تو پھر کوئی مضائقہ نہیں،

وَحَلَآئِلُ اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ ۙ وَاَنْ تَجْمَعُوْا

اور تمہارے صلبی بیٹوں کی بیبیاں، اور اکٹھا کرنا

بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۲۳﴾ ۙ

دو بہنوں کو، مگر جو پہلے گزر گیا۔ بے شک اللہ بخشنے والا رحمت والا ہے ●